16

# دریا کنارے چاندنی

کیا چھا رہی ہے چاندنی
اٹھلا رہی ہے چاندنی
دریا کی اک اک لہر کو
نہلا رہی ہے چاندنی
لہرا رہی ہے چاندنی!

دریا کنارے دیکھنا
پانی میں تارے دیکھنا
تاروں کو دامن میں لیے
کیا کیا نظارے دیکھنا
دکھلا رہی ہے چاندنی!




ٹھنڈی ہوا خاموش ہے
اجلی فضا خاموش ہے
خاموش ہے سارا جہاں
ہر اک صدا خاموش ہے
اور چھا رہی ہے چاندنی!

اے لو وہ بدلی آ گئی
اور چاندنی پر چھا گئی
باہر نکلنے کے لیے
پھر آئی پھر کترا گئی
گھبرا رہی ہے چاندنی!

لو رات کے منظر چلے
تارے بھی گھل گھل کر چلے
بیٹھے ہوئے یاں کیا کریں
اختر ہم اپنے گھر چلے
اب جا رہی ہے چاندنی!

(اختؔر شیرانی)



# مشق

## لفظ اور معنی:

| | | |
|---|---|---|
| فضا | : | منظر، ماحول |
| دامن | : | آنچل |
| نظارہ | : | منظر |
| صدا | : | آواز |

## غور کیجیے:

- ’چاندنی میں نہانا‘، محاورے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ’چاندنی کا دریا کی لہروں کو نہلانا‘ ایک انوکھا خیال ہے۔
- چاندنی کا اِٹھلانا، لہرانا اور گھبرانا بڑا خوب صورت اور پرلطف طرزِ بیان ہے۔

## سوچیے، بتائیے اور لکھیے:

1۔ شاعر نے نظم میں کس چیز اور کس جگہ کا منظر پیش کیا ہے؟

2۔ ’دریا کی اک اک لہر کو نہلا رہی ہے چاندنی‘ کا کیا مطلب ہے؟

3۔ پانی میں تارے کیوں نظر آ رہے ہیں؟

4۔ شاعر نے چاندنی کے گھبرانے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

## نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنائیے:

چاندنی — صدا — دامن — بدلی — منظر

کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن کی آوازیں یکساں یا ملتی جلتی ہوتی ہیں لیکن ان کے معنی الگ الگ ہوتے ہیں۔ ایسے لفظوں کی دو قسمیں ہیں۔

- ایک وہ جن کی آوازیں اور حروف دونوں ایک ہی ہوں۔ مثلاً

| لفظ | معنی |
|---|---|
| بدلی | بادل کا ٹکڑا |
| بدلی | تبادلہ یا بدلی ہوئی شکل |

| لفظ | معنی |
|---|---|
| چشمہ | عینک |
| چشمہ | پانی کا سوتا |

- دوسری وہ جن کی آوازیں یکساں ہوتی ہیں، لیکن ان کے حروف میں فرق ہوتا ہے۔ مثلاً

| لفظ | معنی |
|---|---|
| آم | ایک پھل |
| عام | معمولی |

| لفظ | معنی |
|---|---|
| صدا | آواز |
| سدا | ہمیشہ |

- خانوں میں دیے ہوئے لفظوں کے معنی لکھیے :

| لفظ | معنی |
|---|---|
| مانگ | .................. |
| مانگ | .................. |

| لفظ | معنی |
|---|---|
| کان | .................. |
| کان | .................. |

| لفظ | معنی |
|---|---|
| کثرت | .................. |
| کسرت | .................. |

| لفظ | معنی |
|---|---|
| آری | .................. |
| عاری | .................. |

نیچے دی ہوئی تصویر کی مدد سے ایک کہانی بنائیے اور خالی جگہوں میں لکھیے :



..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

## نیچے دیئے ہوئے مصرعوں کو مکمّل کیجیے:

1۔ دریا کی اک اک ............... کو

2۔ پانی میں .................... دیکھنا

3۔ اجلی ........................ خاموش ہے

4۔ اور ........................ پر چھا گئی

5۔ لورات کے ........................ چلے

6۔ اختر ہم اپنے ............... چلے

## نیچے دیئے ہوئے لفظوں کی جمع لکھیے:

| واحد | تارا | پھول | فضا | منظر | صدا | ندی | نظارہ | لہر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جمع | ........ | ........ | ........ | ........ | ........ | ........ | ........ | ........ |

## عملی کام:

- نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

